# 15 بصری آرٹ و ڈیزائن کے عناصر اور اصول

## (ELEMENTS AND PRINCIPLES OF VISUAL ART AND DESIGN)

4879CH15

بصری آرٹ اور ڈیزائن کے عناصر غذائی اشیا تیار کرنے کے اجزا کی طرح ہیں۔ مثال کے طور پر حلوہ، آٹے، چینی، گھی اور پانی کے امتزاج سے تیار کیا جاسکتا ہے۔

اسی طرح ایک بصری تخلیق مختلف عناصر جیسے نقطہ، لکیر، شکل وصورت، رنگ، قدر، بناوٹ اور جگہ کے امتزاج سے تیار کی جاسکتی ہے۔

1. **نقطہ** (Point) نقطہ ایک نشان ہے۔ یہ کسی بھی بصری تخلیق کا سب سے چھوٹا عنصر ہے۔
2. **لکیر** (Line) لکیر وہ نظر آنے والی راہ ہے جو کسی بھی دو نقطوں کو جوڑتی ہے۔ لکیریں افقی، عمودی، ترچھی، ٹیڑھی میڑھی، لہردار، زگ زیگ وغیرہ ہو سکتی ہیں۔ ان کی موٹائی بھی مختلف ہوسکتی ہے۔
3. **شکل اور حجم** (Shape and Form)

شکل (Shape) شکل ایک ہموار، دو جہتی (2D) علاقہ ہے جو کسی لکیر سے گھرا ہوا ہوتا ہے۔ یہ ہندسوی (Geometric) یا قدرتی/اعضا سے متعلق (Organic) ہوسکتی ہے۔



لائن کیپٹل، موریہ دور، تقریباً 250 قبل مسیح

حجم (Form) ایک سہ جہتی (3D) شکل ہے۔ یہ جگہ گھیرتی ہے اور اس میں گہرائی ہوتی ہے۔ اسے کئی دو جہتی (2D) شکل کو ترتیب دے کر یا جوڑ کر بھی بنایا جاسکتا ہے۔

تصویر میں شیر کی شکل پر غور کیجیے۔ آپ کون کون سی دیگر شکلیں دیکھ سکتے ہیں؟

4. **بناوٹ** بصری اور مادی ہوسکتی ہے۔ اسے چھو کر نرم، کھردری، دانے دار، ریشمی، خاردار یا کچھ اور محسوس کیا جاسکتا ہے۔ اسے لکیروں اور نقطوں کے پیٹرن سے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔

© NCERT not to be republished



5. **رنگ** اس وقت نظر آتا ہے جب روشنی منعکس ہو کر ہماری آنکھوں تک پہنچے۔ رنگ یا تو قدرت سے حاصل کیے جاتے ہیں یا رنگ و روغن کے لیے کیمیاوی طور پر تیار کیے جاتے ہیں۔

تصویر میں موجود رنگوں پر غور کیجیے۔ کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اسے بنانے میں کون سے قدرتی مواد استعمال ہوئے ہیں؟

6. **اہمیت یا ٹون** (Value or Tone) رنگ کی روشنی یا گہرائی کو ظاہر کرتا ہے۔ کسی رنگ میں سفید شامل کرنے سے وہ ہلکا (Tins) ہو جاتا ہے جبکہ کالا شامل کرنے سے گہرا (Tins) ہو جاتا ہے۔ یہ رنگ کی تدریجی تبدیلیاں پیدا کرتے ہیں۔

مصوری میں رنگوں کے انداز کو غور سے دیکھیے۔

7. **جگہ** وہ مقام ہے جہاں مختلف عناصر کو منظم اور ترتیب دے کر فن پارہ بنایا جاتا ہے۔ جگہ کو مثبت اور منفی مقام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

مصوری میں پیش منظر اور پس منظر کی شناخت کیجیے۔

غار 1 میں بودھی ستوا وجرپانی
اجنتا دیوار

## سرگرمی 15.1: بصری عناصر کی شناخت کیجیے

فن اور ڈیزائن کے عناصر ہمیں اپنے خیالات اور جذبات کو بصری طور پر ظاہر کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ غور سے دیکھیں، آپ اپنے آس پاس موجود بصری عناصر کو دریافت کر سکیں گے اور پہچان سکیں گے۔

اس صفحے پر موجود آرٹ ورک کا جائزہ لیجیے اور بصری عناصر کے بارے میں اپنے مشاہدات نوٹ کیجیے۔



اس جھونپڑی کی دیوار پر موجود ماندنا (Maandana) میں بنائی گئی لکیروں اور شکلوں کو بیان کیجیے۔ آپ اس میں کون سے دیگر عناصر بھی دیکھ سکتے ہیں؟

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------



تنجاور (*Thanjavur*) انداز میں تیار کیے گئے اس پلیٹ میں کس قسم کی لکیر اور بناوٹ نظر آتی ہے؟ آپ اس کے ساتھ کون سا دوسرا عنصر منسلک کر سکتے ہیں؟

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------



زردوزی کے کام والے اس پردے پر کون سے نمایاں بصری عناصر نظر آتے ہیں؟

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

© not to be republished



فن کار اپنے آرٹ ورک تخلیق کرتے وقت بصری عناصر کے ساتھ مسلسل تجربہ کرتے رہتے ہیں۔
آیئے تین جدید ہندوستانی فن کاروں کے کاموں میں یہ عناصر دریافت کیجیے جو ہندوستانی آرٹ کی روایت سے متاثر ہوئے تھے۔

**عنوان:** ماں اور بچہ

**فن کار:** جیمنی رائے (1887 – 1972)

**میڈیم:** کینوس پر روغن

**ترغیب:** مشرقی ایشیائی خطاطی، ٹیرا کوٹا مندر کے فریز، دیہی آرٹ اور دست کاری

**اس آرٹ ورک میں بصری عناصر:**

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------

---------------------------------------------



**استاد کے لیے نوٹ:** ہر آرٹ ورکس کے لیے بتائے گئے میڈیم کے بارے میں تفصیل سے معلومات حاصل کیجیے اور طلبا کو اس سے متعلق تکنیک اور عمل سکھایئے۔

© NCERT not to be republished

**عنوان:** روزمرہ کے کام کا جذبہ

**فن کار:** میرا مکھرجی

**میڈیم:** کانسہ

**ترغیب:** ڈھوکرا دھات کا کام

**اس آرٹ ورک میں بصری عناصر:**




**بلا عنوان**

**فن کار:** سید حیدر رضا

**میڈیم:** تانبے پر کھدائی کا طریقہ (Aquatint)

**ترغیب:** بھارتی جنگلاتی مناظر اور ہندوستانی فلسفہ سے 'بِندو' (نقطہ یا نشان) کا تصور

**اس آرٹ ورک میں بصری عناصر:**



© NCERT not to be republished

## سرگرمی 15.2: بصری عناصر کا ایک جرنل تیار کیجیے

ایک اسکیچ بُک میں اپنے اردگرد موجود اشیا، پودوں، کپڑوں اور فنِ تعمیر کی تفصیلات کی ڈرائنگ بنائیے۔ ان بصری عناصر کو پہچانیے اور اپنے مشاہدات کو نوٹ کیجیے اور ایک ہفتے تک روزانہ اپنی کاپی کے صفحات کو ان سے بھرتے رہیے۔

انھیں اپنے دوستوں کو بتائیے اور اپنے استاد کے ساتھ اپنے مشاہدات پر تبادلۂ خیال کیجیے۔






© NCERT not to be republished

## شدانگ

شدانگ سے مراد آرٹ کے چھ عضو ہیں۔ اسے قدیم ہندوستانی متن وشنو دھرموتر پران میں مرتب کیا گیا ہے۔ اس متن میں یہ رہنمائی کی گئی ہے کہ آرٹ ورک تیار کرنے میں بصری عناصر کو کیسے جمالیاتی اور خوب صورت انداز میں مربوط کیا جائے۔ بالکل اسی طرح جیسے کھانے کا ذائقہ اس وقت اچھا لگتا ہے جب اس کے اجزا صحیح تناسب میں ملائے جائیں اور مناسب درجۂ حرارت پر پکائے جائیں۔



روپ بھید، پرمان، بھوَ، لاونیا یوجنم |
سادرشیم ورنی کبھنگم اتی چترم شدانگکم ||



1. روپ بھید —
ساختوں میں فرق
2. پرامانانی —
پیمائش اور ساخت
3. بھاو —
اظہار اور جذبہ
4. لاونیا یوجنم —
آرٹ میں جمالیاتی ترکیب اور دل کشی
5. سادرشیم —
مشابہت اور مماثلت
6. ورنکا بھنگم —
آلات اور رنگوں کا استعمال

© NCERT not to be republished

## بصری آرٹ اور ڈیزائن کے اصول

خوب صورت طور پر ترتیب دی گئی بصری تخلیقات، خیالات اور جذبات کو مؤثر انداز میں منتقل کرتی ہیں کیوں کہ وہ آرٹ اور ڈیزائن کے اصولوں کی پیروی کرتی ہیں۔ ہر اصول کے بارے میں پڑھیے اور انھیں اس صفحے پر موجود مصوری کے ساتھ جوڑ کر دیکھیے۔

1. **یکجہتی اور ہم آہنگی** اس وقت پیدا ہوتی ہے جب عناصر کو ایسے انداز میں اکٹھا کیا جائے جو آنکھوں کو خوش گوار لگے۔ مصوری میں استعمال کیے گئے رنگوں کے امتزاج اور تقسیم کا مشاہدہ کیجیے۔
2. **توازن** بصری استحکام عطا کرتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر کوئی آرٹ ورک نصف مگر بڑی شبیہ میں ہو تو اسے دوسرے نصف سے متوازن کیا جا سکتا ہے۔ یہ توازن تناسب کے اعتبار سے یا تو اسی طرح کی اور بڑی شبیہ سے یا بہت سی ناموزوں اور چھوٹی شبیہوں سے قائم کیا جا سکتا ہے۔ ایک ماں کے تر بھنگا انداز اور بچے کی پوزیشن میں بصری توازن کا مشاہدہ کیجیے۔
3. **تال اور حرکت** ہماری نگاہ کی ایک حصے سے دوسرے حصے کی طرف دل کش انداز میں رہنمائی کرتے ہیں۔ یہ پیٹرن اور تکرار کے ذریعے پیدا ہوتے ہیں۔ ماں کے پہلو میں



ماں اور بچہ، جیمنی رائے،
کینوس پر روغن

پودے کی ڈنڈی اور اس کے کپڑوں پر بنی لکیروں کو غور سے دیکھیے۔

4. **زور** بصری عنصر میں کسی ایک کو نمایاں کر کے پیدا کیا جاتا ہے۔ ماں کے ہاتھ کی رنگین ہتھیلی کا جو پھول تھامے ہوئے ہے مشاہدہ کیجیے۔
5. **تناسب** مختلف بصری عناصر کے سائز کے درمیان تعلق کو کہتے ہیں۔ یہ خوب صورتی میں اضافہ کرتا ہے، خیالات اور جذبات کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ اس مصوری میں بچے کے قد کا ماں کے قد کے مقابلے میں مشاہدہ کیجیے۔
6. **مراتب** کی بصری تخلیق میں درجہ بندی اہمیت کی حامل ہے۔ اس بات کا مشاہدہ کیجیے کہ اس مصوری میں سب سے زیادہ جگہ ماں کو دی گئی ہے۔ اس کے بعد توجہ بچے پر جاتی ہے اور پھر ارد گرد کی تفصیلات پر۔


© NCERT not to be republished

## سرگرمی 15.3: بصری آرٹ اور ڈیزائن کے اصولوں کی شناخت کیجیے

یہاں دی گئی تصویروں کے فن اور ڈیزائن کے اصولوں کی بنیاد پر تجزیہ کیجیے۔ ذیل میں دی گئی مثال کو پڑھیے اور ہر آرٹ ورک کے لیے بصری ڈیزائن کے دو اصولوں کے بارے میں لکھیے۔ آپ کے مشاہدات آپ کے دوستوں سے مختلف ہو سکتے ہیں اور سبھی درست بھی ہو سکتے ہیں۔



1. گنگا کا مجسمہ، پانچویں صدی، ٹیرا کوٹا مجسمہ
مثال: تال اور حرکت — اسے پیروں کی پوزیشن اور کپڑے پر بنے ہوئے پیٹرن کی مدد سے تیار کیا گیا ہے جس سے پانی کی لہر جیسی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔



2. 'دیوی'، جیوَتی بھٹ، کندہ کاری
مثال: پیشانی پر لگی ہوئی سرخ بندی سے زور پیدا کیا گیا ہے۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 15.4: فن اور ڈیزائن کے اصولوں کا اطلاق کیجیے








بصری اصولوں سے متعلق اپنی فہم کو استعمال کیجیے اور ایک ایسا نشان یا تصور تیار کیجیے جو آپ کی نمائندگی کرے۔

قدرت، اردگرد کی اشیا، حروف سے تحریک حاصل کیجیے یا صرف نقطے، لکیریں اور شکلیں استعمال کر کے اپنا نیا ڈیزائن بنائیے۔

اپنے ڈیزائن کو سادہ رکھیے۔

### کئی خاکے (Iterations) تیار کیجیے

- ذیل میں دی گئی تجاویز پر عمل کیجیے اور دیکھیے کہ بصری اصول آپ کے ڈیزائن کو کس طرح بدلتے ہیں۔
- توازن پیدا کرنے کے لیے ہم آہنگی یا غیر ہم آہنگی کا استعمال کیجیے۔
- کسی ایک عنصر کو دہرائیے تاکہ پیٹرن یا حرکت پیدا ہو۔
- چھوٹے حصوں کے تناسب کو پورے تصور (Motif) کے ساتھ نوٹ کیجیے۔
- کسی ایک حصے کو نمایاں کیجیے۔
- حفظ مراتب کے مطابق سائز، کثافت، رنگ اور روشنی یا تاریکی میں تبدیلی کر کے ان کی اہمیت کے اعتبار سے درجہ بندی کیجیے۔
- سب کو ایک ساتھ جوڑ کر ہم آہنگی پیدا کیجیے۔

© NCERT not to be republished

# جائزہ

| باب 15: بصری آرٹ و ڈیزائن کے عناصر اور اصول | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سی جی | سی | آموزشی ماحصل | استاد | خود |
| 1 | 1.1 | اپنے آس پاس کے بصری عناصر کا مشاہدہ کرتا ہے اور انھیں ایک جرنل میں بصری طور پر درج کرتا ہے۔ | | |
| 2 | 2.2 | آرٹ ورک میں بصری اصولوں کی شناخت کرتا اور ان کا استعمال کرتا ہے۔ | | |
| 3 | 3.1 | جرنل بنانے کے لیے مختلف مواد استعمال کرتا ہے۔ | | |
| | | مجموعی طور پر شرکت۔ | | |

**استاد کے تاثرات اور طالب علم کے مشاہدات**

-----------------------------------------------

-----------------------------------------------

-----------------------------------------------

-----------------------------------------------

-----------------------------------------------

© NCERT not to be republished